Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

تَرْجَمَةُ الْقُرْاٰنِ الْمَجِيْد

جماعت نہم

LAST HOPE STUDY
Download All Subjects Notes from website www.lasthopestudy.com

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ

مشق

1 درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

(i) سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ کے شروع میں اوصاف بیان کیے گئے ہیں:

(الف) مجاہدین کے (ب) جنات کے
(ج) فرشتوں کے (د) اہل ایمان کے

(ii) حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بھائی تھے:

(الف) حضرت زکریا علیہ السلام (ب) حضرت یحییٰ علیہ السلام
(ج) حضرت یعقوب علیہ السلام (د) حضرت اسحاق علیہ السلام

(iii) سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ میں تفصیلی تذکرہ ہے:

(الف) حضرت یوسف علیہ السلام (ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام
(ج) حضرت زکریا علیہ السلام (د) حضرت یحییٰ علیہ السلام

(iv) مشرکین مکہ اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں قرار دیتے تھے:

(الف) جادوگرنیوں کو (ب) نیک عورتوں کو
(ج) جنات کو (د) فرشتوں کو

(v) کن لوگوں سے دوستیاں تباہی اور ہلاکت کا سبب ہوتی ہیں:

(الف) امیر لوگوں سے (ب) غریب لوگوں سے
(ج) اَن پڑھ لوگوں سے (د) بُرے لوگوں سے

Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

2 مختصر جواب دیجیے۔

i سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟
ii سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ کا خلاصہ لکھیے۔
iii سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ میں بیان کردہ دو اہم نکات تحریر کیجیے۔
iv سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر کس طور پر آیا ہے؟

جوابات

(i) سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

جواب: سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ کا آغاز اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے مختلف اوصاف بیان فرما کر کیا ہے، اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰت ہے۔

(ii) سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ کا خلاصہ لکھیے۔

جواب: سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ کا خلاصہ "توحید، رسالت اور آخرت کا بیان اور مشرکین کے غلط عقائد کا رد" ہے۔

(iii) سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ میں بیان کردہ دو اہم نکات تحریر کیجیے۔

جواب: سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ میں بیان کردہ دو اہم نکات:

1. فرشتے اللہ تعالیٰ کے لیے عاجزی کرتے ہیں اور ہمیشہ اس کے احکام پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔
2. کافر سرداروں اور ان کی پیروی کرنے والے قیامت کے دن آپس میں جھگڑیں گے اور اپنی گمراہی کا الزام ایک دوسرے پر ڈالیں گے۔

(iv) سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر کس طور پر آیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے کا جو حکم دیا تھا اور انھوں نے قربانی کے جس جذبے سے اس حکم کی تعمیل کی تھی، اس کا ذکر تفصیل سے اس سورت میں کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دوسرے بیٹے حضرت اسحاق علیہ السلام کا بھی ذکر آیا ہے۔

3 تفصیلی جواب دیجیے۔

سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔

جواب: **سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ کا تعارف:**

سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ مکی سورت ہے۔ اس میں ایک سو بیاسی (182) آیات ہیں۔ صافات کا معنی ہے: صف باندھ کر کھڑے ہونے والے فرشتے۔ سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ کا آغاز اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے مختلف اوصاف بیان فرما کر کیا ہے، اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰت ہے۔

سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ کا خلاصہ "توحید، رسالت اور آخرت کا بیان اور مشرکین کے غلط عقائد کا رد" ہے۔

سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ کے مضامین:

عقیدۂ ملائکہ کی وضاحت:

سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ میں مشرکین کے اس عقیدے کو غلط قرار دیا گیا ہے جس کی رو سے وہ کہا کرتے تھے کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ اس سورت کا آغاز فرشتوں کے اوصاف سے کیا گیا ہے۔

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

آخرت کا بیان:

اس سورت میں آخرت میں پیش آنے والے حالات کی منظر کشی فرمائی گئی ہے۔ کفار کو کفر کے ہولناک انجام سے ڈرایا گیا ہے اور انھیں متنبہ کیا گیا ہے کہ ان کی تمام تر مخالفت کے باوجود اس دنیا میں اسلام ہی غالب آکر رہے گا۔

انبیاء علیہ السلام کے واقعات کا ذکر:

اس سورت میں حضرت نوح، حضرت لوط، حضرت موسیٰ، حضرت الیاس اور حضرت یونس علیہم السلام کے واقعات مختصر انداز میں بیان کیے گئے ہیں، جب کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تذکرہ قدرے تفصیل سے آیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے کا جو حکم دیا تھا اور انھوں نے قربانی کے جس جذبے سے اس حکم کی تعمیل کی تھی، اس کا ذکر تفصیل سے اس سورت میں کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دوسرے بیٹے حضرت اسحاق علیہ السلام کا بھی ذکر آیا ہے۔

سورت کے آخر میں جنات اور فرشتوں کے اصل مقام کا بیان ہے۔

پیغمبر رحمت خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کو تسلی:

سورت کے اختتام پر حضرت محمد رَسُولُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے غالب آنے کی بشارت اور اللہ تعالیٰ کی عظمت کو بیان کیا گیا ہے۔

اس سورت کا مرکزی مضمون:

اس سورت میں توحید، وحی، نبوت، مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیے جانے اور اعمال کی جزاء ملنے کو ثابت کیا گیا ہے۔

LAST HOPE STUDY

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study